© rasailojaraid.com



# کتاب نما

ادارہ

## قرآنیات پر نئی کتابیں:

### ایران کی چند اہم فارسی تفسیریں

مصنف : کبیر احمد جائسی (علیگ)

ناشر : انجمن فارسی، ۴۳۴۳/۱۲، حویلی حسام الدین حیدر، بلیماران، دہلی

سن اشاعت: ۱۹۹۶ء، صفحات ۲۰۰، قیمت دو سو روپے

فارسی زبان میں شعر وادب کے علاوہ اسلامی علوم وفنون کا بہت قیمتی ذخیرہ محفوظ ہے۔ دیگر علوم کے ساتھ ساتھ قرآنیات اور علوم قرآن پر بے شمار کتابیں فارسی زبان میں تصنیف کی گئیں جو اسلام کے علمی ورثہ کے ایک نہایت گرانقدر حصہ کی حیثیت رکھتی ہیں۔ بدقسمتی سے پڑھے لکھے حلقوں میں بھی فارسی زبان کے اس کردار کے بارے میں بڑی حد تک عدم واقفیت پائی جاتی ہے۔ یہ کتاب اس قیمتی سرمایہ سے علمی دنیا کو روشناس کرانے کی طرف ایک قدم ہے۔

اسلام کی ابتدائی صدیوں میں ایرانی نژاد علما، وفضلا، کی علمی اور ادبی کاوشوں کی زبان عربی تھی جو نہ صرف یہ کہ مسلمانوں کی دینی، علمی اور ادبی زبان تھی بلکہ عظیم اسلامی دولت مشترکہ میں رابطہ کی زبان بھی تھی۔ لیکن خلافت عباسیہ کے زوال واضمحلال کے نتیجہ میں جب سیاسی اقتدار کے ساتھ ساتھ عربی زبان کی گرفت بھی کمزور ہوئی اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ایرانی تہذیبی علاقوں میں آزاد حکومتیں قائم ہوئیں تو اس بات کی ضرورت محسوس ہوئی کہ اسلامی علوم کو فارسی زبان میں منتقل کیا جائے تاکہ عوام کی ایک بڑی اکثریت کے لئے جو عربی زبان سے بخوبی آگاہ نہ تھی بنیادی اسلامی علوم و معارف سے واقفیت کی راہ نکالی جائے۔ چنانچہ اس ضرورت کی تکمیل کے لئے دوسرے علوم کے ساتھ ساتھ فارسی زبان میں بڑا گرانقدر ذخیرہ تفسیر وجود میں آیا۔ بدقسمتی سے اس نوع کی بہت سی تفسیریں دست برد زمانہ سے محفوظ نہ رہ سکیں۔ کئی فارسی تفسیروں کے صرف نام ہم تک پہنچ سکے ہیں۔ بعض تفسیروں کا کچھ حصہ محفوظ رہ گیا۔ حالانکہ ان کے اور مفسروں کے نام تک ضائع ہونے سے نہ بچ سکے۔ اور کون جانتا ہے کتنی اور ایسی تفسیریں ہیں جو منتظر ہیں کہ کوئی ان کے اوراق سے صدیوں کی گرد صاف کر کے ان کے اندر پوشیدہ علوم و معارف تک اہل علم و دانش کی رسائی کی راہ ہموار کرے۔

اس کتاب میں جن فارسی تفسیری کاوشوں کا جائزہ لیا گیا ہے ان کو زمانی ترتیب کے لحاظ سے مرتب کیا گیا ہے۔ ان میں ترجمہ تفسیر طبری، بخشی از تفسیر کہن، تفسیر قرآن، تفسیر پاک اور تفسیر سور آبادی شامل ہیں۔

## امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ اور ان کی تفسیری خدمات

مصنف : احمد اسماعیل البسیط

مترجم : عبد القیوم

ناشر : اسلامک بک فاؤنڈیشن، ۱۷۸۱، حوض سوئی والان، نئی دہلی ۱۱۰۰۰۲

سن اشاعت : ۱۹۹۷ء، صفحات ۳۳۱، قیمت ۹۵ روپے

حضرت حسن بصریؒ (۲۱ھ - ۱۱۰ھ / ۶۴۲ - ۷۲۸ء) کا شمار اکابر تابعین میں ہوتا ہے۔ علم و فن، زہد و تقویٰ، وعظ و ارشاد اور تعلیم و تدریس کے میدان میں ان کا مرتبہ بہت بلند اور ان کی خدمات نہایت عظیم الشان اور دور رس نتائج کی حامل رہی ہیں۔ ان کی پیدائش مدینہ منورہ میں ہوئی اور زندگی کا بیشتر حصہ بصرہ میں گزرا۔ ان کی والدہ ام المومنین حضرت ام سلمہ رضؓ

© rasailojaraid.com